اٹلی

# میرے ذاتی ڈیٹا کو EURODAC کیوں بھیجا جاتا ہے؟

قسم D

کسی رکن ریاست میں غیر قانونی طور پر رہنے والے تیسرے ملک کے شہری یا بے وطن افراد



URDU

## مجھے یہ کتابچہ کیوں مل رہا ہے؟

آپ اس ملک میں بغیر اجازت رہتے ہوئے پائے گئے ہیں۔

اس کتابچے میں مزید بتایا گیا ہے کہ حکام کونسا ڈیٹا ذخیرہ کریں گے اور اسے کتنے عرصے تک رکھیں گے۔

## مجھے اپنی انگلیوں کے نشانات دینے اور تصویر کھنچوانے کی ضرورت کیوں ہے؟

اس ملک کے حکام آپ کی انگلیوں کے نشانات لیں گے اور آپ کی تصویر کھینچیں گے۔ اس ڈیٹا کو آپ کی شناختی معلومات اور دیگر متعلقہ معلومات کے ساتھ Eurodac ڈیٹا بیس بھیجا جائے گا۔

Eurodac مخصوص اقسام کے ایسے افراد کو ان کے منفرد انگلیوں کے نشانات اور تصویروں سے منسلک کرتا ہے، جو کسی +EU ملک کے شہری نہیں ہیں۔

31 +EU ممالک اس ڈیٹا بیس کا استعمال کرتے ہیں اور آپ کے ڈیٹا کو پراسیس کر کے آپ کی معلومات بازیاب کرتے ہیں۔ +EU ممالک کی فہرست اس کتابچے کے اختتام پر موجود ہے۔

**اب آپ اٹلی میں ہیں، جو ایک +EU ملک ہے۔**
**+EU کے ممالک ہیں:**

یورپی یونین (EU) کی 27 رکن ریاستیں: آسٹریا، بیلجیم، بلغاریہ، کروشیا، قبرص، چیکیا، ڈنمارک، ایسٹونیا، فن لینڈ، فرانس، جرمنی، یونان، ہنگری، اٹلی، لٹویا، لتھوانیا، لگزمبرگ، مالٹا، نیدرلینڈز، پولینڈ، پرتگال، جمہوریہ آئرلینڈ، رومانیہ، سلوواکیا، سلووینیا، اسپین، سویڈن اور

4 دیگر ممالک: آئس لینڈ، سوئٹزرلینڈ، لختنشٹائن، ناروے۔

## EURODAC میں کونسی معلومات ذخیرہ کی جاتی ہیں؟



مندرجہ ذیل معلومات کو ہمیشہ ذخیرہ کیا جاتا ہے:

- آپ کی انگلیوں کے نشانات
- آپ کے چہرے کی تصویر
- آپ کے موجودہ اور ماضی میں استعمال ہونے والے تمام نام
- آپ کی موجودہ اور ماضی میں استعمال ہونے والی تواریخ پیدائش
- آپ کی جائے پیدائش
- آپ کی شہریت یا شہریتیں
- آپ کی جنس
- اگر دستیاب ہوں تو آپ نے جن شناختی یا سفری دستاویزات کا استعمال کیا تھا، جن میں ان کی معتبری کے متعلق معلومات شامل ہیں
- آپ کی انگلیوں کے نشانات لینے اور تصویر کھینچنے والے افسر کا یوزر آئی ڈی اور آپ کا ڈیٹا حاصل کرنے اور بھیجنے کی تاریخیں
- آپ جس +EU ملک میں بغیر اجازت رہتے ہوئے پائے گئے۔

جب ضروری ہو تو Eurodac میں مندرجہ ذیل معلومات بھی ذخیرہ ہوں گی:

- کیا آپ نے رضاکارانہ طور پر اپنے ملک واپس جانے کی پیشکش قبول کی ہے
- آپ کے اپنے ملک واپسی کے متعلق معلومات، چاہے آپ نے خود واپس جانے کا فیصلہ کیا ہو یا حکام نے آپ کو واپس بھیجا ہو
- اگر آپ کو منتقلی کے لئے منتخب کیا جائے تو منتقلی کا +EU ملک۔

آپ کو Eurodac میں ذخیرہ شدہ معلومات تک رسائی کرنے اور غیر درست معلومات میں ترمیم کرنے کا، اور غیر قانونی پراسیسنگ کی صورت میں معلومات حذف کرنے کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔ آپ ایسا کرنے کے لئے ڈیٹا کنٹرولر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ڈیٹا کنٹرولر سے رابطے کی معلومات '**آپ کو Eurodac کے متعلق کیا جاننے کی ضرورت ہے**' نامی کتابچے میں موجود ہیں۔

## میرا ذاتی ڈیٹا EURODAC میں کب تک ذخیرہ کیا جاتا ہے؟



آپ کی معلومات کو 5 سال تک ذخیرہ کیا جاتا ہے، جس کے بعد اسے خودبخود حذف کر دیا جاتا ہے۔

اگر آپ کو اس میعاد کے اختتام سے پہلے کسی +EU ملک کی شہریت مل جائے، تو آپ کے ڈیٹا کو حذف کر دیا جائے گا۔ آپ کا ڈیٹا حذف ہونے کی صورت میں آپ کی اس ملک میں حیثیت متاثر نہیں ہوگی جہاں آپ کو شہریت ملی تھی۔

## کیا EURODAC میں کوئی دوسری معلومات ذخیرہ کی جاتی ہے؟

اگر حکام کو مندرجہ ذیل معلوم ہو، تو اس صورت میں آپ کی سلامتی کی جانچ کا نتیجہ ذخیرہ کیا جائے گا:

- آپ کے پاس اسلحہ موجود ہونے کا امکان ہے
- آپ کا پرتشدد ہونے کا امکان ہے
- آپ کا سنگین دہشت گردی کے جرائم میں ملوث ہونے کا امکان ہے
- اس بات کا امکان ہے کہ آپ نے ایسا کوئی سنگین جرم کیا ہے، جس کے لئے آپ کو کسی دوسرے +EU ملک میں تحویل میں لیا جا سکتا ہے۔

اس صورت میں، تصور کیا جائے گا کہ آپ کی وجہ سے اندرونی سلامتی کو خطرہ ہو سکتا ہے۔ اسے اوپر واضح کردہ قابل اطلاق وجہ یا وجوہات کے ساتھ Eurodac میں ذخیرہ کیا جائے گا۔

اگر +EU کے ممالک آپ کو اندرونی سلامتی کے لئے مزید خطرہ نہ تصور کریں تو اس معلومات کو حذف کر دیا جائے گا۔

آپ کو Eurodac میں ذخیرہ شدہ معلومات تک رسائی کرنے اور غیر درست معلومات میں ترمیم کرنے کا، اور غیر قانونی پراسیسنگ کی صورت میں معلومات حذف کرنے کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔ آپ ایسا کرنے کے لئے ڈیٹا کنٹرولر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ڈیٹا کنٹرولر سے رابطے کی معلومات '**آپ کو Eurodac کے متعلق کیا جاننے کی ضرورت ہے**' نامی کتابچے میں موجود ہیں۔

یہ نوٹ صرف معلوماتی مقاصد کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اس سے اپنے آپ میں حقوق یا ذمہ داریاں تخلیق نہیں ہوتیں۔ نہ تو EUAA اور نہ ہی EUAA کی طرف سے اقدام کرنے والا کوئی شخص اس نوٹ میں موجود معلومات کے کسی بھی استعمال کا ذمہ دار ہے۔

© یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ، 2025